# ٹیچرز گائیڈ




## نادر سیریز


تحریر : یاسمین زیدی

## ٹیچر کیلئے نوٹ

''نادر سیریز'' بچوں کو اردو کی کتابوں کی پڑھائی کی طرف راغب کرنے کی ایک کوشش ہے۔ یہ ٹیچرز گائیڈ پہلی جماعت کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ لیکن بچوں کے تعلیمی معیار کے مطابق اس سے کم عمر کے بچوں کو بھی پڑھائی جا سکتی ہے۔ ہر کہانی شروع کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ بچوں سے دلچسپ تعارفی گفتگو کی جائے تاکہ ذہنی طور پر وہ کتاب کے موضوع کے لئے تیار ہو جائیں۔

# نادر کا گھر

## تیاری

بچوں کی تعداد کے مطابق کتابیں اور کہانی میں آنے والے الفاظ کے فلیش کارڈز (flash cards)

## الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| نقشہ | ملک | شہر | پڑوسی ملک |
| مکانات | کوا | بچے | درخت |
| گیند | پودے | بلی | چادر |
| دری | | | |

چارٹ پیپر پر کالے یا نیلے مارکر سے کتاب میں موجود ترتیب وار جملے بڑے سائز میں لکھیں۔

## سیشن 1

بچوں کو آگاہ کریں کہ کس طرح گھر سے مل کر گھر، بازار، اسپتال اور سڑکیں ملا کر شہر بنتے ہیں، شہر سے ملک بنتے ہیں۔ جس طرح گھر کی ایک حد ہوتی ہے اسی طرح ملکوں کی بھی ایک حد ہوتی ہے اور ایک ملک دوسرے ملک کا پڑوسی ہوتا ہے۔

پہلے ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ

(1) ان کا گھر کہاں پر ہے؟

(2) اس گھر میں کتنے کمرے ہیں؟

(3) ان کے ارد گرد کون سے لوگ رہتے ہیں؟ (ان کے گھر کے پاس رہنے والوں کو پڑوسی کہتے ہیں)۔

(4) پھر دوسرا گھر ہے۔ گھر سے اسکول تک راستے میں انہیں کیا کیا چیزیں نظر آتی ہیں؟ مثلاً مسجد، بازار، اسپتال، گھر وغیرہ۔

بچوں کو بات چیت کے دوران بتایا جائے کہ جس علاقے میں آپ رہتے ہیں وہاں مسجد، اسکول، اسپتال اور بازار بھی ہوتے ہیں۔ مختلف علاقوں کو ملا کر ایک شہر بنتا ہے۔ جس طرح کئی کمرے ملا کر ایک گھر بنتا ہے اسی طرح کئی شہر ملا کر ایک ملک بنتا ہے۔ ہمارے ملک کا نام پاکستان ہے اور ہمارے پڑوسی ملک ہندوستان، چین، افغانستان اور ایران ہیں۔ آپ کے برابر میں رہنے والے آپ کے پڑوسی ہیں۔

## سیشن 2

کیونکہ اس کتابی سلسلے کا مقصد بچوں کو اردو کتابوں کی پڑھائی کی طرف راغب کرنا ہے۔ اس لئے اس سیشن کی ابتداء اس طرح کی جائے کہ سب سے پہلے بچوں میں کتابوں کی تقسیم کی جائے اور بچوں پر اچھی طرح واضح کر دیا جائے کہ بچے ان کتابوں کو خود پڑھنے کی کوشش کریں گے۔ بچے یقیناً اس تبدیلی سے خوش ہوں گے اور ان کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوگا۔ جب بچے کتاب پڑھنے کی کوشش کر رہے ہوں تو کلاس میں جائزہ لیں کہ وہ کون سے بچے ہیں جو آسانی سے پڑھ رہے ہیں اور کون سے ایسے بچے ہیں جنہیں پڑھائی میں مشکل ہو رہی ہے۔ ان بچوں کے نام اچھی طرح ذہن نشین کر لیں تاکہ آئندہ پڑھائی کا کام کرتے ہوئے ان کی اچھی طرح مدد کی جاسکے۔

جب بچے کتاب کی پڑھائی ختم کر لیں تو ان سے پوچھیں کہ انہیں کتاب کو پڑھنے کے بعد کیا سمجھ میں آیا۔ بچے یقیناً اپنی اپنی سمجھ کے مطابق بتائیں گے۔ اس بات کی کوشش کی جائے کہ ہر بچے کو بات کرنے کا موقع ملے۔ اس کے بعد ٹیچر خود اس کتاب کو پڑھ کر سنائیں اور سناتے وقت الفاظ کے اتار چڑھاؤ کی طرف (خصوصی طور پر نئے الفاظ پر) توجہ دیں۔

## سیشن 3

شروع کے دس منٹ کہانی کے جن الفاظ کے فلیش کارڈز بنائے گئے ہیں بچوں سے ان کی پڑھائی کر وائی جائے گی تاکہ بچوں کو مشکل الفاظ پڑھنے میں آسانی ہو۔ کیونکہ اس کتاب کا بنیادی مقصد بچوں کی پڑھائی میں روانی حاصل کرنا ہے لہذا خوش خط لکھائی میں لکھے گئے تمام جملوں والے چارٹ پیپر کو کلاس میں نمایاں جگہ پر لگائیں جہاں بچوں سے آسانی سے پڑھائی کروائی جاسکے۔ اس کے بعد فرداً فرداً ہر بچے کو ان جملوں کی پڑھائی کا موقع دیں۔

چارٹ پیپر کو مزید جاذب نظر بنانے کے لئے نادر کی تصویر یا ایک گھر کی تصویر اس چارٹ پیپر کے ساتھ لگا دیجئے۔

## گھر کا کام

بچے اپنے گھر کا نقشہ بنائیں اور اس کے ارد گرد کے گھروں میں رہنے والوں کے نام لکھیں۔

(1) آپ کے پڑوسی کا کون سا گھر ہے؟

(2) پڑوس میں کون کون رہتا ہے؟

**یا**

جوتے کے ڈبے سے گھر بنایا جاسکتا ہے۔ گھر میں کتنے کمرے ہیں۔ ان کے بارے میں بات چیت کریں۔ ہر بچے کو بولنے کا موقع دیں۔

**یا**

ایک مشق یہ بھی ہو سکتی ہے کہ گھر سے اسکول تک جتنی چیزیں راستے میں نظر آتی ہیں، مثلاً ٹریفک لائٹ، اسکول، مسجد، دکانیں وغیرہ کی تصویریں بنائیں۔ یا کوئی سی تین چیزوں کی تصویریں بنائیں اور نام لکھیں۔

# سیشن 4

چارٹ پیپر پر لکھے گئے جملوں کی پڑھائی ہر بچے سے باری باری کروائی جائے۔ اس کے بعد بچوں کے بنائے ہوئے نقشوں کے بارے میں بات چیت کی جائے اور بچوں سے یہ سوالات کئے جاسکتے ہیں۔

(1) آپ کون سے شہر میں رہتے ہیں؟
(2) آپ کے ملک کا نام کیا ہے؟
(3) کیا آپ کو اپنے ملک کے مختلف شہروں کے نام معلوم ہیں؟
(4) اپنے ملک کے علاوہ آپ کن ملکوں اور شہروں کے نام جانتے ہیں؟

## نوٹ

جب بچے ملک اور شہروں کے نام بتا رہے ہوں تو ٹیچر بلیک بورڈ پر شہر اور ملک کے نام دو الگ الگ کالم بنا کر لکھیں گی۔ بچے ان ناموں کو اسی طرح اپنی کوپی میں اتاریں گے۔ بچوں کے بنائے گئے ماڈل اسکول میں ضرور نمائش کے لئے رکھیں تاکہ ان کی ہمت افزائی ہو۔

# سیشن 5

آج بچوں سے کتاب کی مکمل پڑھائی کروائی جائے اور ہر بچہ پوری کتاب کی پڑھائی کرے۔ اب ٹیچر بچوں سے ''نادر کے گھر'' کے بارے میں پوچھیں کہ ان کے خیال میں نادر کا گھر کون سا ہے اور ان کے گھر میں رہنے والے مختلف افراد کی گھر میں کون سی پسندیدہ جگہ ہے اور بچوں کو خود اپنے گھر کا کون سا حصہ سب سے زیادہ پسند ہے؟ اور کیوں پسند ہے؟

اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس گفتگو میں ہر بچہ حصہ لے سکے۔ اس کے بعد بچوں سے ان کی کوپی پر گھر میں موجود پسندیدہ جگہ (جس کو وہ خود اپنا گھر سمجھتے ہیں) کی ڈرائنگ کروائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اس کے نیچے اپنا نام لکھیں۔ مثال کے طور پر ''سارا کا گھر'' یا ''ظفر کا گھر'' وغیرہ۔

# نادر کے دوست

## تیاری

ہر صفحے پر موجود چیزوں کے ناموں کے فلیش کارڈز کتاب میں موجود تمام جملوں کی ترتیب وار واضح الفاظ میں لکھائی کا چارٹ اور کتاب میں موجود تمام الفاظ کے ریڈر کارڈ۔

## سیشن 1

بچوں سے کتاب کے theme کے مطابق اس موضوع پر بات چیت کریں کہ ہم سب کی زندگی میں کھلونوں، جانوروں دوستوں کی کیا اہمیت ہوتی ہے۔ ہر بچے کو باری باری موقع دیں کہ وہ اپنے پسندیدہ دوستوں، کھلونوں اور پالتو جانوروں کے بارے میں بات کرے۔ جو بچے بات چیت دونوں میں خود سے حصہ نہ لے رہے ہوں ان کو ٹیچر سوالات کے ذریعے بات چیت میں شامل کر سکتی ہیں۔

## سیشن 2

بچوں میں ریڈر کارڈ تقسیم کریں۔ یہ کام بچوں کو گروپ میں تقسیم کر کے کریں تاکہ بچے مشکل الفاظ کی پڑھائی آسانی سے کر سکیں۔ (بچوں کو گروپ میں اس طرح تقسیم کریں کہ ہر گروپ میں کم از کم ایک بچہ پڑھائی میں بہتر ہو تاکہ وہ بھی الفاظ کی پڑھائی کے دوران بچوں کی مدد کر سکے)۔

ریڈر کارڈ کی پڑھائی کے بعد کم از کم پانچ الفاظ کی جوڑ توڑ کا کام کیا جائے گا۔ ان الفاظ میں تین الفاظ آسان اور دو نئے الفاظ استعمال کئے جائیں گے۔ مثلاً

ڈبہ کتاب دوست کہانیاں تکیہ

## سیشن 3

آج بچوں میں پڑھائی کے لئے کتابیں تقسیم کی جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ انہیں خود ان کتابوں کی پڑھائی کرنا ہے۔ کتاب میں موجود نئے الفاظ سے بچے پہلے ہی مانوس ہو چکے ہیں۔ بچوں کے پڑھنے کے دوران آپ جائزہ لیں کہ کون سے بچے کو پڑھائی میں مشکل پیش آ رہی ہے۔ آپ ان بچوں کی مدد کریں۔

اب بچوں سے اس کتاب کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچے اپنی سمجھ کے مطابق کتاب میں موجود کہانی سنائیں گے۔

کوشش کریں کہ اس بات چیت میں تمام بچے شامل ہوں۔ اب ٹیچر خود یہ کتاب بچوں کو پڑھ کر سنائیں اور اپنے لہجہ کے اتار چڑھاؤ پر خصوصی توجہ دیں۔

## سیشن 4

آج چارٹ پیپر پر موجود جملوں کی پڑھائی کروائی جائے۔ ہر بچہ باری باری ایک جملے کی پڑھائی کرے۔ بچوں نے پہلے سیشن کے جن الفاظ کی جوڑ توڑ کی تھی ان ہی الفاظ کے جملے بھی بنائیں۔

## سیشن 5 اور سیشن 6

(یہ کام دو سیشن میں مکمل ہوگا)

بچوں سے ایک کتاب بعنوان ''میرے دوست'' بنوائی جائے۔ جس میں بچے اپنے دوست، پالتو جانور، کھلونے اور چیزوں کی تصویریں بنائیں گے اور ان کے نام لکھیں گے۔
کتاب کے مکمل ہونے کے بعد بچوں کو یہ گانا یاد کروایا جاسکتا ہے۔

دوستی ایسا ناطہ
جو سونے سے بھی مہنگا

جہاں رہو مل کے رہو
ہے یہی تم سے کہنا

راہیں بیگانی ہیں رستے بھی بے گانے
قدم قدم پر ملتے رہیں گے ساتھی انجانے

پہلے پرکھو پھر اپناؤ
ہے یہی تم سے کہنا

دوستی ایسا ناطہ

# نادر کے ساتھ آنکھ مچولی

## تیاری

کتاب نادر کے ساتھ آنکھ مچولی کے ہر صفحے پر موجود تصاویر میں سے چیزوں کے نام کے فلیش کارڈز۔ مشکل الفاظ کے ریڈر کارڈز۔ چارٹ پیپر پر کالے مارکر سے لکھے گئے کتاب میں موجود تمام جملے۔

## سیشن 1

فلیش کارڈ کے ذریعے مشکل الفاظ سے بچوں کو مانوس کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ اس کتاب کی پڑھائی انہیں خود کرنا ہے۔ اس طرح بچوں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ بچے پڑھائی کر لیں تو کتاب کے بارے میں بات چیت کریں۔ کوشش کریں کہ ہر بچہ اپنی رائے کا اظہار کر سکے۔ اب ٹیچر کتاب کی پڑھائی کریں۔ الفاظ کے اتار چڑھاؤ کا خصوصی خیال رکھیں اور کتاب میں استعمال ہونے والے prepositions پر زیادہ زور دیں۔ اس کے بعد کتاب میں موجود الفاظ بورڈ پر واضح انداز میں لکھیں۔

پیچھے۔ نیچے۔ اوپر۔ اندر۔ باہر۔ آگے

یہ الفاظ زبانی طور پر بچوں کے ساتھ جملوں میں استعمال کریں۔

## سیشن 2

آج کتاب میں موجود جملوں کی چارٹ پیپر کے ذریعے پڑھائی کروائی جائے گی۔ پڑھائی کے بعد بچوں سے مختلف کھیلوں کے بارے میں بات چیت کی جائے جو کہ گروپ میں کھیلے جاتے ہیں۔ مثلاً ''کھوکھو' جس میں بچوں کی دو ٹیمیں بنتی ہیں۔ ایک ٹیم کے بچے کچھ فاصلہ رکھ کر ایک قطار میں بیٹھتے ہیں مگر اس طرح کہ ایک اگر شمال کی جانب اپنا منہ کئے ہوئے بیٹھا ہے تو اس کے پاس والا جنوب کی طرف' پھر اس کے برابر والا شمال اور پھر جنوب . . . بیٹھنے والے بچوں میں سے ایک بچہ کھڑے ہوئے بچوں کو پکڑتا ہے۔ پکڑنے کے دوران مخالف ٹیم کے بچے بیٹھے ہوئے بچوں کے درمیان میں سے بھی نکل سکتے ہیں۔ لیکن چور درمیان میں سے نہیں گزر سکتا۔ وہ آخری اور پہلے بچے کے گرد ہی گھومتا رہے گا۔ مخالف ٹیم کے بچے اگر کسی بیٹھے ہوئے بچے کے قریب ہوں تو چور اس بچے کو پیٹھ کی طرف سے ''کھو'' کہے گا۔ جب مخالف ٹیم کی کوئی بچی یا بچہ پکڑا جائے گا۔ وہ ایک طرف کھڑا ہو جائے گا۔ اس کے بعد جب مخالف ٹیم کے تمام بچے پکڑے جائیں تو یہی کھیل دوبارہ کھیلا جائے گا۔ ٹیموں کی پوزیشن بدل جائے گی۔ (اس قسم کے گروپ میں کھیلے جانے والے کھیلوں کے ذریعے بچے باری کا انتظار' ایک دوسرے کا خیال رکھنا اور کوئی کام بغیر مقررہ اصولوں کے نہیں ہوتا وغیرہ سیکھتے ہیں)۔

ایک دوسرا کھیل ''کوڑا جمال شاہی ہے'' اس میں بچے سر جھکا کر بیٹھتے ہیں۔ ایک بچہ کپڑے کا بنا ہوا ''کوڑا'' (یہ وہ ''کوڑا'' ہے جسے ''چابک'' بھی کہتے ہیں۔) لے کر گھومتا ہے۔ ساتھ ساتھ کہتا جاتا ہے ''کوڑا جمال شاہی پیچھے دیکھو مار کھائی'' اگر کوئی بچہ محسوس کرے تو کوڑا اٹھا کر کوڑا ڈالنے والے بچے کے پیچھے دوڑتا ہے اور وہ بچہ اٹھنے والے بچے کی جگہ پر بیٹھنے کی کوشش کرتا ہے ۔ اسی طرح کھیل جاری رہتا ہے)۔ بچوں سے بات چیت کے بعد کوئی ایک کھیل کھیلئے جو کہ بچے آپ کو بتائیں۔ یا پھر انہی دو کھیلوں میں سے ایک کھیل کھیلا جاسکتا ہے۔

## سیشن 3

آج بچے باری باری کتاب کی پڑھائی کریں گے۔ نئے الفاظ پڑھنے میں اگر بچوں کو مشکل ہو تو غیر محسوس طریقے سے آپ بچوں کی مدد کریں۔ ان کو غلط نہ کہیں۔

آج کتاب میں موجود نئے الفاظ کا جوڑ توڑ ہوگا۔ خیال رکھیں کہ تین الفاظ نئے یا مشکل اور تین الفاظ نسبتاً آسان ہوں۔ تاکہ کمزور بچے کام آسانی سے کرسکیں اور کامیابی کی خوشی کو محسوس کرسکیں۔

الفاظ

میز۔ کرسی۔ پردہ۔ چھپ۔ الماری۔

## سیشن 4

آج کتاب میں استعمال ہونے والے prepositions بلیک بورڈ پر لکھے جائیں۔ بچے ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

# نادر آج کیا پہنے؟

## تیاری

مختلف ممالک کے لباس پر مشتمل تصاویر۔ کتاب میں موجود الفاظ اور تصاویر پر مشتمل فلیش کارڈز۔ کتاب میں موجود تمام جملے واضح لکھائی میں ایک چارٹ پیپر پر موٹے مارکر سے لکھے ہوئے پہلے سے موجود ہوں۔

## سیشن 1

بچوں سے مختلف سوالات کئے جائیں۔ مثلاً

(1) آپ کی الماری میں کون کون سے کپڑے ہیں؟

(2) آپ کا پسندیدہ لباس کون سا ہے؟

(3) سردیوں کے موسم میں کیسے کپڑے پہنتے ہیں؟

(4) گرمیوں کے موسم میں کیسے کپڑے پہنے جاتے ہیں؟

(5) کھیل کے دوران کیسے کپڑے پہنے جاتے ہیں؟ وغیرہ۔

## گھر کا کام

اپنی الماری میں موجود لباسوں کے نام اور رنگ گھر سے لکھ کر لائیں اور اپنے پسندیدہ لباس کا نام اور رنگ بھی لکھیں۔ یہ بات بتائی جاسکتی ہے کہ ضرورت سے زیادہ کپڑے نہیں ہونے چاہئیں اور مختلف چیزوں کے لئے مختلف کپڑے ہوتے ہیں۔ جیسے سونے کے لئے' کھیلنے کے لئے' کسی کے گھر جانے کے لئے اور اسکول میں پہننے کے لئے وغیرہ۔

## سیشن 2

بچوں سے اپنی کتابیں کھولنے کو کہیں اور چارٹ پیپر پر نمایاں حروف میں لکھی ہوئی کہانی بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ کہانی پڑھتے وقت اپنے لب و لہجہ کا خاص خیال رکھیں۔ جہاں سوالیہ نشان ہے' لہجے کو سوالیہ بنائیں۔ جہاں نادر کپڑوں کے بارے میں سوچ رہا ہے وہاں اپنا انداز بھی سوچنے والا رکھیں۔ پھر بچوں سے مختلف ممالک کے قومی لباسوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ یہ کام آپ کے پاس موجود تصاویر کے ذریعے ہوگا۔ جن کے ذریعے بچوں کو مختلف ممالک کے قومی لباس کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں گی۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ ہمارے ملک کا قومی لباس کیا ہے؟ بچے اپنی کوپی پر لباس کی تصویر بنا کر اس کا نام لکھیں۔

## سیشن 3

کتاب میں موجود مشکل الفاظ کے فلیش کارڈ کی تقسیم بچوں کو دو یا تین کے گروپ بنا کر کریں تاکہ بچے ایک دوسرے کی مدد کر سکیں۔ فلیش کارڈز کی پڑھائی کے دوران اس بات کو یقینی بنائیں کہ جماعت میں موجود تمام بچے ہر فلیش کارڈ کی پڑھائی کر لیں۔ پڑھائی کے دوران بچے فلیش کارڈز آپس میں تبدیل کرتے جائیں۔ فلیش کارڈز کی پڑھائی کے بعد بچے کم از کم پانچ الفاظ کو حروف میں توڑنے کا کام کریں گے۔

**بنیان۔ سفید۔ پتلون۔ پاجامہ۔ کپڑے۔**

## سیشن 4

آج بچے پوری کتاب کی پڑھائی کریں گے۔ اس کام کے دوران چارٹ پیپر پر لکھے ہوئے جملوں کو بچوں کے ساتھ ساتھ پڑھیں تاکہ بچے ہر لفظ کو باآسانی خود پڑھ سکیں۔ چارٹ پیپر کمرے میں ایسی جگہ لگائیں جو سب بچوں کو نظر آئے۔ بچے کتاب میں موجود آخری صفحے پر دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔ اگر کام ختم نہ ہو تو اسے گھر پر ختم کر کے لائیں۔

# نادر کی شرارت

## سیشن 1

بچوں سے کہیں کہ کتاب نادر کی شرارت خود پڑھنے کی کوشش کریں۔ جن بچوں کو پڑھائی میں مشکل پیش آ رہی ہے ان کی مدد کریں۔ اب ٹیچر خود کتاب پڑھ کر بچوں کو سنائیں۔ کتاب پڑھتے وقت الفاظ کے اتار چڑھاؤ پر خصوصی توجہ دیں' نئے الفاظ پر خاص توجہ دیں۔

بچوں سے بات چیت کریں کہ صبح سویرے ان کے گھر میں کیا ہوتا ہے؟ ہر بچے کو موقع دیں۔ کتاب میں موجود ان الفاظ کے معنی بچوں کو لکھوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آس پاس | قریب | صبح سویرے | صبح کا وقت |
| غسل | نہانا | چپ چاپ | خاموشی سے |

## سیشن 2

بچوں کو گروپ میں تقسیم کریں۔ کوشش کریں کہ ہر گروپ میں ایسا بچہ شامل ہو جو پڑھائی میں بہتر ہو۔ آپ باری باری ہر گروپ کے پاس جا کر ایک بچے سے بلند آواز میں پڑھائی کروائیں۔ باقی بچے سنیں۔ بچوں کو جن الفاظ کی پڑھائی میں مشکل پیش آ رہی ہو ان الفاظ کی پڑھائی میں بچوں کی مدد کریں۔ اس کے بعد بچوں سے لفظ ''شرارت'' پر بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان کو شرارت کرنا کیسا لگتا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ شرارت کرنا کوئی بری بات نہیں ہے لیکن یہ شرارت کسی کے لئے تکلیف دہ نہیں ہونا چاہئے۔ آپ کی پسندیدہ شرارت کون سی ہے جس سے کہ کسی کو تکلیف بھی نہ پہنچتی ہو اور کسی کو پتہ بھی نہ چلا ہو کہ یہ شرارت کس کی ہے؟

بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کے خیال سے ''نادر کی شرارت'' میں یہ پتہ چلا تھا کہ شرارت کس کی ہے۔ اگر ہاں تو کیسے؟

## سیشن 3

آج ریڈر کارڈز کے ذریعے الفاظ کی پڑھائی کروائیں اور کتاب میں موجود ھ والے الفاظ کو پی میں لکھوائیں۔

# سیشن 4

ایک بچہ کتاب کی پڑھائی کرے اور باقی بچے بغور سنیں اور کتاب میں دیکھ کر پڑھائی کریں۔ پھر کوپی میں جو ھ والے الفاظ لکھے تھے ان میں سے کسی ایک یا دو سے جملے بنائیں۔

# سیشن 5

بچوں سے نادر کی شرارت یعنی ٹی وی کے چلانے پر بات چیت کریں اور اسی حوالے سے بچوں سے گفتگو کریں کہ ٹی وی کتنی دور سے دیکھنا چاہئے اور زیادہ ٹی وی دیکھنے کے کیا نقصانات ہیں۔ ٹی وی کی آواز کتنی ہونی چاہئے اور ٹی وی زیادہ دیر تک نہیں دیکھنا چاہئے۔ کوشش کریں کہ اس بات چیت کے دوران تمام بچے حصہ لیں اور زیادہ تر معلومات بچوں کی طرف سے آئیں۔

اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ٹی وی کے پسندیدہ پروگرام کے بارے میں تین جملے لکھیں اور تصویر بنائیں اس کے علاوہ ناپسندیدہ پروگرام کے بارے میں بھی تین جملے لکھیں اور تصویر بنائیں۔

# نادر سیریز

## ٹیچرز گائیڈ

پہلا ایڈیشن : 1998
جملہ حقوق : بک گروپ
پرنٹر : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C Block 2 PECHS, Karachi: Phone: 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not for Sale